پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
10/12/2021

11 دسمبر 2021 کو ہوگا قومی لوک عدالت کا انعقاد

لکھنؤ:10 دسمبر 2021

معزز جج سپریم کورٹ / ایگزیکیٹیو صدر، قومی قانونی خدمات اتھارٹی نئی دہلی کی ہدایت کے ضمن میں مورخہ 11 دسمبر 2021 کو پورے ملک میں قومی لوک عدالت کا انعقاد کیا جائے گا۔

یہ اطلاع سکریٹری اتر پردیش ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی جناب سدیپ کمار جیسوال نے دیتے ہوئے بتایا کہ اتر پردیش کے شہریوں کے ذریعہ ہر ضلع میں دائر مقدموں کے فوری تصفیہ 11 دسمبر 2021 کو منعقد ہونے والی قومی لوک عدالت میں صلح سمجھوتے کے توسط سے کیا جائے گا۔ اس سے ریاست کے شہریوں کو اپنے مقدموں کے فوری تصفیہ سے زیادہ سے زیادہ انصاف حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆